# 06-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہاایک کروڑ کی لاگت سے ڈواکراخواتین کوقرض فراہم کرنے ریاستی حکومت نے منصوبہ بنایا ہے۔

۲۔ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ ریاست میں 22 ہزار 500 کروڑ کی لاگت سے پہلے مرحلہ کے تحت 4.50 لاکھ اندراماں مکانات منظور کیئے گئے۔

۳۔یوم عاشورہ کاعقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔حیدرآباد کے پرانا شہر میں واقع بی بی کاالاوہ سے بی بی کے علم کی سواری برآمد ہوئی۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ بھرمیں کئی مقامات پر بارش کی پیش قیاسی۔

## Indiramma Indlu

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے فائدے کیلئے مختلف ترقیاتی اسکیمات پرعمل آوری کی جارہی ہے۔انہوں نے کوتہ گوڑم میں لکشمی دیوی پلی،سوجاتانگر، پالونچا، چنچو لی پلی منڈلوں میں استفادہ کنندگان میں اندراماں مکانات کی منظوری کے دستاویز اور مکانات کے پٹہ جات تقسیم کیئے۔لکشمی دیوی منڈل کے سیتارام پورم، چنتاپنٹی گوڑم میں ریاستی وزیر نے ہائی لیول برج کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ پہلی ایکادشی کے دن خواتین میں اندراماں مکانات کی منظوری کے دستاویز کی تقسیم خوشی کی بات ہے۔ پہلے مرحلہ کے تحت ریاست بھر میں 4.50 لاکھ مکانات فراہم کیئے جارہے ہیں۔اس تقریب میں رکن پارلیمنٹ ایم رگھورام ریڈی، رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ، ضلع کلکٹر جتیش وی پاٹل بھی موجود تھے۔

## Syama Prasad Mukerjee

سابق مرکزی وزیر، جن سنگھ کے بانی ڈاکٹر شیاما پرساد مکھر جی کی یوم پیدائش تقاریب حیدرآباد کے بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی دفتر میں عظیم الشان طریقہ سے منائی گئی۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی، بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے شیاما پرساد مکھر جی کی تصویر پر پھول مالا چڑھاتے ہوئے انہیں خراج پیش کیا۔ اس موقع پر رام چندر راؤ نے کہا کہ شیام پرساد مکھر جی ایک ملک، ایک قانون اور چناؤ کے نظریہ پر یقین رکھتے تھے۔ انہوں نے جَن سنگھ کا قیام عمل میں لاتے ہوئے عوامی جدوجہد کی۔ انہوں نے مکھر جی توقعات کو پورا کرنے کیلئے، ریاست میں بی جے پی کو مضبوط کرنے کے لئے ارکان اور قائدین سے متحدہ طور پر کام کرنے کی اپیل کی۔ شیاما پرساد مکھر جی کی یوم پیدائش پر بی جے پی کے حامیوں کی جانب سے ریاست بھر میں شجرکاری مہم کے حصہ کے طور پر رام چندر راؤ اور کشن ریڈی نے ریاستی دفتر کے احاطہ میں پودے لگائے۔

## Babu Jagjivan Ram

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ بابو جگ جیون رام وہ عظیم شخصیت ہے جنہوں نے پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے انتھک جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت مجاہد آزادی، نائب وزیر اعظم ان کی جانب سے انجام دی گئی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ کئی اصلاحات کو متعارف کروانے والے جگ جیون رام کی برسی کے موقع پر ریاستی وزیر نے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔

## GHMC Survey

گریٹر حیدرآباد کے حدود میں جی ایچ ایم سی کی جانب سے جائیدادوں سے متعلق سروے کیا جا رہا ہے۔ چار مینار، خیریت آباد، سکندرآباد، شیرلنگم پلی زونس کے حدود میں جائیدادوں، کھلے پلاٹس، لے آؤٹس، پارکس، مخلوعہ اراضیات اور کمیونٹی ہالس سمیت تمام تفصیلات کا سروے کیا جائے گا۔ جی ایچ ایم سی نے سروے کے ڈیجیٹلائزیشن کیلئے کنسلٹنسی سے ٹنڈرس طلب کئے ہیں۔ کاروباری عمارتوں سے لے کر بلدی دوکانات تک تمام تفصیلات کا اندراج کیا جائے گا۔

Ekalavya

ریاستی مینارٹی کارپوریشن کے صدرنشین عبیداللہ کوتوال نے کہاہے کہ اساتذہ کےاحترام کاراستہ اوران کیلئے قربانی دینے والے ایکالوویا آج کے طلبہ کے لئے مشعل راہ ہے۔انہوں نے ایکالوویا کی جینتی کے موقع پرمحبوب نگرمیں ان کے مجسمہ پرپھول مالا چڑھا کرخراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پردیگر قائدین بھی موجود تھے۔ مینارٹی کارپوریشن کے صدرنشین عبیداللہ کوتوال نے اس موقع پر کہا کہ ایکالوویا کی تاریخ عظیم ہے اور آج کے نسل کو انہوں نے ان کے نقش قدم پر چلنے کا مشورہ دیا۔

Sound Byte Ubaidullah

Weather:

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے بعض اضلاع میں کل موسلا دھار بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ عادل آباد، آصف آباد، منچریال، بھوپال پلی، ملگو اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوگی۔آج حیدرآباد سمیت تمام اضلاع میں بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ فی گھنٹہ 30 تا40 کلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں بھی چلیں گی۔

Special Trains

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے مطابق مسافرین کے ہجوم کے پیش نظر بعض علاقوں کیلئے 48 خصوصی ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔ جولائی سے 30 ستمبر تک مختلف دنوں میں یہ خصوصی ٹرینیں دستیاب رہیں گی۔ترو پتی۔ہیسار کے درمیان چہارشنبہ، اتوار ہفتہ میں 12 ٹرینیں کاچی گوڑہ۔ترو پتی کے درمیان جمعرات اور جمعہ ہفتہ میں 8 ٹرینیں نرساپور۔تروون ناملائی کے درمیان چہارشنبہ اور جمعرات ہفتہ میں 16 ٹرینیں چلیں گی۔

Uria

سابق ریاستی وزیر تارک راماراؤ نے الزام لگایا ہے کہ ریاست میں کانگریس دورحکومت میں رعیتو بھروسہ اور قرض معافی اسکیم پرعمل آوری میں کئی خامیاں ہیں۔اسی طرح مقررہ وقت پر کسانوں کو کھاد سربراہ نہیں ہورہی ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ ریاست میں 1.94 لاکھ میٹرک ٹن کھاد کی ضرورت ہےاور حکومت کی جانب سے اس کے مطابق

ردعمل ظاہرنہیں کیا جارہا ہے۔انہوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ یوریا کی بلاک مارکیٹنگ پرحکومت کی طرف سے کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے۔ یوریا کی مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف تارک راما راؤ نے سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔

Bhatti Vikramarka

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہیے کہ غریب افراد کیلئے ذاتی مکان کا خواب کانگریس دورحکومت میں ہی ممکن ہے۔ضلع کھمم کے مدھیرادورہ کے موقع پرانہوں نے اندراماں مکانات کے استفادہ کنندگان میں منظوری کے دستاویزتقسیم کئے۔اس موقع پر بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ بے گھر غریب افراد کیلئے ریاستی حکومت کی جانب سے 22ہزار 500 کروڑ کی لاگت سے ساڑھے چار لاکھ اندراماں مکانات پہلے سال میں منظور کئے گئے۔انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں ایک کروڑ20 لاکھ خاندان ہیں جن میں سے 93لاکھ خاندانوں کوراشن کارڈ جاری کیا گیا اورانہیں باریک چاول سربراہ کئے جارہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ تشکیل حکومت کے پہلے سال ہی 56ہزار ملازمتوں پرتقررات کئے گئے۔8ہزار کروڑ کی لاگت سے بے روزگاروں کیلئے راجیو یوواوکاسم اسکیم کا آغاز کیا گیا۔رعیّتو بھروسہ کیلئے کانگریس حکومت نے 17ہزار500 کروڑادا کئے۔ایک لاکھ کروڑ کی لاگت سے ڈواکرا خواتین کوقرض فراہم کرنے منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔اس موقع پر بھٹی وکرامارکہ نے 6.45 کروڑ کی لاگت سے مدھیرا میں امبارو پیڈا، پداچیروٹینک بنڈ پرترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

Muharram

یوم عاشورہ کا عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔حیدرآباد کے پرانا شہر میں واقع بی بی کا الاوہ سے بی بی کے علم کی سواری برآمد ہوئی جومختلف علاقوں سے ہوتی ہوئی چادرگھاٹ پہنچ رہی ہے۔اس موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اپنے پیغام میں کہا کہ محرم ہندو اور مسلم تہذیب کے اتحاد کی مثال ہے۔اس دوران جلوس کے پیش نظر کسی بھی قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئیں اس کے لئے تین ہزار ملازمین پولیس کوسیکورٹی خدمات کیلئے متعین کیا گیا ہے۔

Bonal

حیدرآباد کے قلعہ گولکنڈہ میں بونال تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔آج آشاڈھم کا دوسرا اتوار ہونے کی وجہ سے بھکتوں کی کثیر تعداد جگدامبیکا مندر پہنچی۔آج شام پرانے شہر سے قلعہ گولکنڈہ تک جلوس نکالا گیا۔

Isuka

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ اندراماں مکانات کی تعمیر کیلئے ریت مفت سربراہ کی جارہی ہے۔ انہوں نے آج منچریال ضلع کے چنور حلقہ کا دورہ کیا۔ریاستی وزیر نے چنور میں اندراماں مکانات کے استفادہ کنندگان میں پٹہ جات تقسیم کئے۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے بتایا کہ ریت کی غیر قانونی منتقلی کی وجہ سے حکومت کو تین ہزار کروڑ کا نقصان ہووا۔انہوں نے بتایا کہ اب اس پر قابو پاتے ہوئے حکومت کی آمدنی میں اضافہ کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

OO